ONE NATION
ONE PASSION
PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

سری لنکا انڈر 19 کے خلاف سیریز کے بارے میں ہیڈ کوچ شاہد انور کا تجزیہ

کراچی یکم نومبر 2023ء:

سری لنکا انڈر 19 کرکٹ ٹیم کا دورۂ پاکستان پانچویں اور آخری ون ڈے کے ساتھ اختتام کو پہنچا یہ دورہ واحد چار روزہ میچ اور پانچ ون ڈے میچوں پر مشتمل تھا۔ یہ تمام میچز نیشنل بینک اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے۔

پاکستان انڈر 19 ٹیم نے سیریز کا آغاز چار روزہ میچ میں 9 وکٹوں کی جیت سے کیا جس میں شاہ زیب خان اور اذان اویس کی سنچریاں قابل ذکر تھیں۔ 161 رنز کی شاندار اننگز کھیلنے والے شاہ زیب خان پلیئر آف دی میچ رہے۔ بولنگ میں تیز بولر محمد ابتسام پانچ وکٹوں کے ساتھ نمایاں رہے۔ ایمل خان نے چار جبکہ علی اسفند اور نوید احمد خان نے تین تین وکٹیں حاصل کیں۔

ون ڈے سیریز میں اگرچہ پاکستان انڈر 19 کو تین دو سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تاہم اس سیریز میں اس کی جانب سے متعدد نمایاں پرفارمنس سامنے آئیں۔ بائیں ہاتھ کے اوپنر شامل حسین دونوں ٹیموں میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے بیٹر رہے۔ 65.20 کی اوسط سے 326 رنز بناتے ہوئے انہوں نے ایک سنچری اور دو نصف سنچریاں اسکور کیں جس میں ان کا سیریز کا بہترین انفرادی اسکور 150 شامل ہے جو 109 گیندوں پر بنے اور جس میں سات چھکے اور تیرہ چوکے شامل تھے۔

آل راؤنڈر عرفات منہاس کے لیے بھی یہ سیریز یادگار رہی وہ سیریز میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے بیٹرز میں دوسرے نمبر پر رہے ان کے 272 رنز میں تین نصف سنچریاں شامل تھیں جن میں 95 رنز کی اننگز نمایاں تھی۔ انہوں نے پانچ وکٹیں بھی حاصل کیں۔

تیز بولرز عبید شاہ اور آفتاب احمد کی کارکردگی بھی نمایاں رہی۔ عبید شاہ چار میچوں میں 21.67 کی اوسط سے 9 وکٹوں کے ساتھ سیریز میں مشترکہ طور پر سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر تھے۔ آفتاب احمد نے آٹھ جبکہ ابتسام نے سات وکٹیں حاصل کیں۔

اسپن بولنگ میں آف اسپنر نوید احمد خان نے پانچ میچوں میں سات وکٹیں حاصل کیں جبکہ لیگ اسپنر احمد حسین نے چھ وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان انڈر 19 ٹیم کے ہیڈ کوچ شاہد انور کا کہنا ہے کہ یہ سیریز کھلاڑیوں کے لیے اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا اہم موقع تھا۔ اگرچہ ہمارے لیے یہ بات مایوس کن رہی کہ ہم ون ڈے سیریز نہ جیت سکے ہم مزید بہتر کرسکتے تھے لیکن یہ بات اطمینان کی ضرور ہے کہ سیریز کے بہترین بولر اور بہترین بیٹر ہماری ٹیم کے رہے۔

شاہد انور کا کہنا ہے کہ آنے والے ایشیا کپ اور ورلڈ کپ ہمارے رڈار میں تھے لہذا اسی کے پیش نظر ہم نے چانس دیے اور مختلف کامبی نیشن آزمائے تاکہ ان تجربات کی روشنی میں ہم دبئی اور سری لنکا جانے سے قبل اپنے کامبی نیشن ترتیب دے سکیں۔

شاہد انور کا کہنا ہے کہ شامل حسین نے خود کو ایک مضبوط اوپنر ثابت کیا ہے جبکہ عرفات منہاس پوری سیریز میں زبردست پرفارمر رہے۔ سعد بیگ نے متاثر کن کپتانی کی ہے جبکہ عبید شاہ بولنگ میں قابل ذکر رہے۔ ان تمام کھلاڑیوں میں بہت مہارت ہے۔ انہیں مزید ایکسپوژر اور زیادہ سے زیادہ میچز اکٹھے کھیلنے کی ضرورت ہے۔

شاہد انور کے خیال میں ابتدائی میچوں میں فیلڈنگ اچھی نہیں رہی لیکن اس میں ہمیشہ بہتری کی گن-جائش رہتی ہے۔ مڈل آرڈر اور لوئر آرڈر پر کام کرنے کی ضرورت ہے اور اس پر ہم اگلے ٹریننگ کیمپس میں کام کریں گے۔

-END-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficia